17-02-2024

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2024ء

مضمون:	أصول الفقه	کل وقت:	30منٹ
کلاس:	الشهادة الثانوية الخاصة (السنة الثانية)	کل نمبر:	20

رول نمبر (ہندسوں میں): ☐☐☐☐☐☐ رول نمبر (لفظوں میں): ______________

نام طالبعلم: ______________

حصہ معروضی

سوال نمبر 1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ کاٹ کر لکھا ہوا غلط تصور ہو گا۔

1۔ "أصول الشاشی" کے مصنف ہیں:

(الف) نظام اللہ (ب) نظام الدین (ج) نظام اکرم (د) نظام عبد اللہ

2۔ "قروء" کا معنی طہر ہے:

(الف) امام یوسف کے نزدیک (ب) امام اعظم کے نزدیک (ج) امام شافعی کے نزدیک (د) امام محمد کے نزدیک

3۔ عام کی اقسام ہیں:

(الف) 2 (ب) 4 (ج) 6 (د) 8

4۔ ظہار کرنے والے نے کھانا کھلانے کے دوران جماع کر لیا تو اس کا کفارہ ادا ہو جائے گا:

(الف) امام شافعی کے نزدیک (ب) امام اعظم کے نزدیک (ج) امام مالک کے نزدیک (د) امام احمد کے نزدیک

5۔ مؤول کا حکم ہے:

(الف) عمل کرنا ضروری ہے (ب) عمل کرنا واجب ہے (ج) عمل کرنا اچھا ہے (د) عمل کرنا ضروری نہیں

6۔ حقیقت کی اقسام ہیں:

(الف) 3 (ب) 5 (ج) 7 (د) 9

7۔ متعلقات النصوص کی اقسام ہیں:

(الف) 4 (ب) 8 (ج) 6 (د) 10

8۔ مامور بہ کی اقسام ہیں:

(الف) 2 (ب) 4 (ج) 6 (د) 8

9۔ نہی کی اقسام ہیں:

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

10۔ بیان کی اقسام ہیں:

(الف) 5 (ب) 7 (ج) 9 (د) 11

ورق الٹئے

11۔ متواتر سے علم حاصل ہوتا ہے:

(الف)	ضروری	(ب)	استدلالی	(ج)	کسبی	(د)	وھبی

12۔ حدیث مشہور سے علم حاصل ہوتا ہے:

(الف)	ضروری	(ب)	اطمینانی	(ج)	نظری	(د)	استدلالی

13۔ راوی کے لیے شرائط ہیں:

(الف)	3	(ب)	4	(ج)	5	(د)	6

14۔ حدیث انقطاع کی اقسام ہیں:

(الف)	2	(ب)	4	(ج)	6	(د)	8

15۔ مثبت اولی ہوتا ہے:

(الف)	امر سے	(ب)	نہی سے	(ج)	نافی سے	(د)	مستقبل سے

16۔ وحی کی اقسام ہیں:

(الف)	2	(ب)	4	(ج)	6	(د)	8

17۔ اجماع کے رکن ہیں:

(الف)	2	(ب)	4	(ج)	6	(د)	8

18۔ سب صحابہ کا اجماع ہے:

(الف)	حدیث متواتر کی طرح	(ب)	حدیث مشہور کی طرح	(ج)	حدیث احاد کی طرح	(د)	حدیث مستفیض کی طرح

19۔ اجماع کا منکر کافر ہے:

(الف)	علماء بلخ کے نزدیک	(ب)	علماء شام کے نزدیک	(ج)	علماء بغداد کے نزدیک	(د)	علماء مصر کے نزدیک

20۔ اجماع کے مراتب ہیں:

(الف)	2	(ب)	4	(ج)	6	(د)	8

17-02-2024

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2024ء

مضمون:	اصول الفقه	کل وقت:	2:30 گھنٹے
کلاس:	الشهادة الثانوية الخاصة (السنة الثانية)	کل نمبر:	80

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): ---------------------------------

---

سوال نمبر 2: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ اصول فقہ کتنے اور کون کون سے ہیں؟ صرف نام لکھیں۔

2۔ عام مخصوص عنہ البعض کا حکم تحریر کریں؟

3۔ مشترک کی تعریف اور مثال لکھیں۔

4۔ مفسر اور محکم کا حکم لکھیں۔

5۔ "وأما المؤقت فنوعان نوع يكون الوقت ظرفا للفعل" کا ترجمہ کریں۔

6۔ بیان تفسیر کی تعریف اور مثال تحریر کریں۔

7۔ "واما بيان التبديل وهو النسخ فيجوز ذلك من صاحب الشرع" کا ترجمہ کریں۔

8۔ "لکن" کس کے لیے آتا ہے مثال سے وضاحت کریں؟

9۔ افعال حسیہ کونسے ہیں؟ صرف نام لکھیں۔

10۔ اداء کی تعریف مع مثال تحریر کریں۔

11۔ امر کی تعریف اور مثال لکھیں۔

12۔ کنایہ کا حکم مع مثال لکھیں۔

سوال نمبر 3: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ "أهل الإجماع من كان مجتهدا صالحا" کا ترجمہ کریں۔

2۔ اجماع کی کتنی اور کون کونسی شرائط ہیں؟

3۔ سنت کا اطلاق کس پر ہوتا ہے؟

4۔ حدیث مشہور کے ساتھ قرآن پر زیادتی کرنا کیسا ہے؟ مثال سے واضح کریں۔

5۔ خبر واحد کی تعریف اور مثال لکھیں۔

6۔ حقوق اللہ کونسے ہیں؟

7۔ حدیث کی تعریف لکھیں؟

8۔ حدیث متواتر کی تعریف اور مثال لکھیں۔

9۔ امام جصاص کے نزدیک حدیث مشہور کا انکار کرنے والا کون ہے؟

10۔ علم الفقہ میں عبادلہ سے مراد کون سے صحابہ کرام ہیں؟ تحریر کریں۔

11۔ "والقياس لا يصلح ناسخا" کا ترجمہ کریں۔

12۔ رخصت کی تعریف مع مثال تحریر کریں۔

تفصیلی سوالات

سوال نمبر 4: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے جوابات تحریر کریں۔ 10x2=20

i. خاص کا حکم مع مثال لکھیں نیز مشکل کی تعریف مع مثال لکھتے ہوئے مشکل کا حکم تحریر کریں۔

ii. "قوله تعالى: فاغسلوا وجوهكم فالمأمور به فهو الغسل على الإطلاق فلا يزاد اعليه شرط النية والترتيب والموالاة و التسمية بالخبر" اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔

iii. مجمل، متشابہ، قضاء اور عبارۃ النص کی تعریفات بمعہ امثلہ تحریر کریں۔

ورق الٹئے

سوال نمبر5: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے جوابات تحریر کریں۔ **10x2=20**

i. حدیث مشہور کی تعریف کریں نیز خبر واحد سے کونسا علم حاصل ہوتا ہے وضاحت کریں۔

ii. کونسے صحابہ کی خبر واحد قیاس سے مقدم ہوگی؟ تفصیلاً نوٹ تحریر کریں۔

iii. ضبط، عدالت اور اجماع کی تعریفات لکھیں۔ نیز بتائیں امام مالک کے نزدیک کس کا اجماع قابل اعتبار ہے؟